دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات کے لئے جشنِ ولادت منانے اور اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد کی تیاری کے مدنی پھولوں پر مشتمل اہم تحریر

جشنِ ولادت کی تیاری کیسے کریں؟

صفحات: 44

ماہِ ربیع الاوّل کی اہمیت وفضیلت 03

جشنِ ولادت منانے کے مختلف انداز 05

اجتماعِ میلاد، جلوسِ میلاد کی تیاری کے مدنی پھول ... 15

شعبہ جات جشنِ ولادت کی تیاری کیسے کریں ... 19

پیشکش

المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

Islamic Research Center

و

پاکستان مشاورت آفس

فہرست

ماہِ ربیع الاوّل کی اہمیت وفضیلت.....2
جشنِ ولادت منانے کے مختلف انداز.....4
دعوتِ اسلامی اور جشنِ ولادت.....6
جشنِ ولادت اور امیرِ اہلِ سنّت.....7
جشنِ ولادت کی تیاری کیسے کریں؟.....9
(1)استقبالِ ربیع الاوّل کے پیغام کو عام کریں.....9
(2)چراغاں اور سجاوٹ کریں.....10
(3)جھنڈے اور فلیکس آویزاں کریں.....10
(4)محافلِ میلاد منعقد کریں اور کروائیں.....10
(5)اجتماعِ میلاد اور صبحِ بہاراں میں شرکت کریں.....10
(6)جلوسِ میلاد کی دھومیں مچائیں.....11
چراغاں، اجتماع وجلوسِ میلاد کی شرعی وتنظیمی احتیاطیں.....12
اسلامی بہنوں کے لئے احتیاطیں.....13
اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد کی تیاری کے مدنی پھول.....14
اجتماع کی دعوت سے متعلّق!!!.....14
مَنچ سے متعلّق چند پوائنٹس.....15
جلوسِ میلاد میں شعبہ جات کی ترتیب.....17
دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات جشنِ ولادت کی تیاری کیسے کریں؟.....18

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

جشنِ ولادت کی تیاری کیسے کریں؟

(نگران وشعبہ جات کے ذمہ داران کے لیے)

دُرود شریف کی فضیلت

حضرت مولانا شاہ محمد رکن دین رحمۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں: جو کوئی ربیعُ الاوّل کے مبارک مہینے میں یہ درود شریف "اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰه" سوا لاکھ مرتبہ پڑھے تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی زیارت سے نوازدیا جائے گا۔[1]

اُٹھو ادب سے صلوٰۃ و سلام پڑھتے ہیں اب آیا وقتِ وِلادت نبی کی آمد ہے
پڑھو سلام کرو ڈُوب کر مَحبَّت میں دُرودِ پاک کی کثرت نبی کی آمد ہے[2]

صلّوا علی الحبیب صلَّی اللّٰہُ علٰی محمد

ماہِ ربیع الاوّل کی اہمیت وفضیلت

ماہِ ربیعُ الاوّل کی عظمت وفضیلت کے کیا کہنے! تمام رحمتوں، برکتوں کا سبب بننے والی ذات، وجہِ تخلیقِ کائنات، فخرِ موجودات صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم اِسی ماہ میں سراپا رحمت بن کر دنیا میں تشریف لائے۔ اس ماہِ مبارک میں مسلمان بڑے ذوق وشوق کے ساتھ جشنِ ولادت کی تیاریاں کرتے اور پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی محبت میں محافل کا اِنعقاد کرتے،

---

1 ...رکن دین، ص164 ملخصًا

2 ...وسائلِ بخشش، ص469

سجاوٹ، چراغاں اور جلوسِ میلاد کا اہتمام کرتے ہیں۔

نعمت پر خوشی باعثِ اجر ہے

اس ماہِ مبارک میں اللہ پاک نے اپنے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کو اس دنیا میں مبعوث فرما کر مؤمنین پر اِحسان فرمایا، آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی تشریف آوری یقیناً مسلمانوں کے لیے نعمتِ عظمیٰ ہے[1] اور نعمت کا چرچا کرنے کے متعلّق اللہ پاک قرآنِ عظیم میں ارشاد فرماتا ہے:

وَ اَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾ (پ30، الضحیٰ:11)

ترجَمۂ کنزالعرفان: اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ سرکارِ دوعالَم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا میلاد منانا اور آپ کے اوصاف و کمالات کا ذکر کرنا اللہ پاک کی نعمتوں کا چرچا کرنا ہی ہے۔[2]

نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم تمام جہانوں کے لیے رحمت بن کر تشریف لائے اور اللہ کریم نے فضل و رحمت ملنے پر خوشی منانے کی ترغیب دلاتے ہوئے ارشاد فرمایا:

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ (پ11، یونس:58)

ترجَمۂ کنزالعرفان: تم فرماؤ: اللہ کے فضل اور اس کی رحمت پر ہی خوشی منانی چاہیے، یہ اس سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

اس آیتِ مبارکہ کے تحت تفسیر صِراطُ الجنان میں ہے: ”اگر بالفرض اِس آیت میں متعین طور پر فضل و رحمت سے مراد سرکارِ دوعالَم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی ذاتِ مبارکہ نہ

---

1 ... تفسیر ابن عباس، پ30، الضحیٰ، تحت الآیۃ:11، ص596، مطبوعہ کراچی

2 ... تفسیر صراط الجنان، پ30، الضحیٰ، تحت الآیۃ:11، 10/735 ملخصًا

بھی ہو تو جداگانہ طور پر تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم یقیناً اللہ پاک کا عظیم ترین فضل اور رحمت ہیں۔ لہٰذا نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی ذاتِ مُبارَکہ کے حوالے سے خُوشی مَنائی جائے گی، خواہ وہ میلاد شریف کرکے ہو یا مِعْرَاج شریف مَنانے کے ذَریعے، ہاں! اگر کسی بَدنصیب (Unfortunate) کیلئے یہ خوشی کا مَقام ہی نہیں ہے تو اُس کا مُعَامَلَہ جُدا ہے، اُسے اپنے اِیمان کے متعلّق سوچنا چاہیے۔"[1]

جشنِ ولادت منانے کے مختلف انداز

(1) چراغاں کرنا

نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی ولادت کی خوشی میں چراغاں کرنا، اہلِ ایمان کے لیے مسرّت کا باعث ہے اور یہ ولادت کی خوشی کے اظہار کا ایک جائز طریقہ ہے۔ چراغاں نہ صرف خوشی کا اظہار ہے بلکہ یہ دلوں میں نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی محبت اور عظمت کو بھی بڑھاتا ہے کہ جب لوگ روشنیوں سے سجے گھروں، مساجد اور بازاروں کو دیکھتے ہیں، تو ان کے دلوں میں آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی عظمت و محبت مزید بڑھتی ہے۔ نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی ولادت کے وقت نور کے ظہور کی روایات موجود ہیں۔ جیسا کہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا سے مروی ایک روایت میں بیان ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی پیدائش پر ایک نور نکلا، جس نے مشرق سے مغرب تک روشن کر دیا۔[2]

(2) جھنڈے لگانا

ماہِ ربیع الاوّل کی آمد کے ساتھ ہی چاروں طرف مَدَنی پرچموں کی بہار آجاتی ہے۔

---

1 ... تفسیر صراط الجنان، پ11، یونس، تحت الآیۃ: 58، 4/340 ملتقطاً

2 ... طبقات ابن سعد، ذکر مولد رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم، 1/81 بتغیر، دار الکتب العلمیہ، بیروت

جھنڈے، جھنڈیاں یا پینا فلیکس لگانا نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی شان و عظمت اور آپ کی آمد کا اظہار ہے۔ جشنِ ولادت پر جھنڈے لگا کر آمدِ سرکار کا اظہار کرنا کوئی نیا نہیں بلکہ حضرت بی بی آمِنہ رضی اللہُ عنہا فرماتی ہیں: میں نے دیکھا کہ تین جھنڈے نَصب کئے گئے۔ ایک مشرِق میں، دوسرا مغرِب میں، تیسرا کعبے کی چھت پر اور حُضُورِ اکرم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی وِلادت ہوگئی۔[1] گویا آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی تشریف آوری کا اعلان جھنڈے لہرا کر کیا گیا۔

(3) محفلِ میلاد منعقد کرنا

حضرتِ ابُوسعید رضی اللہُ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتِ مُعاوِیہ رضی اللہُ عنہ نے فرمایا: ایک مرتبہ سرکارِ دوعالَم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم صحابۂ کرام رضی اللہُ عنہم کے ایک حلقے کے پاس تشریف لائے اور پُوچھا: تمہیں یہاں کس چیز نے بٹھا رکھا ہے؟ صحابۂ کرام نے عرض کی: ہم اللہ پاک کا ذِکر کرنے بیٹھے ہیں، اس کا شُکر ادا کر رہے ہیں کہ اُس نے ہمیں اسلام کی ہدایت سے نوازا اور آپ کے ذریعے ہم پر بڑا احسان فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ پاک کی قسم! کیا تمہیں صرف اِسی چیز نے یہاں بٹھایا ہوا ہے؟ عرض کی: اللہ پاک کی قسم! ہم کو اس کے سِوا کسی اور چیز نے نہیں بٹھایا۔ فرمایا: میرے پاس جبرائیل علیہ السّلام آئے اور اُنہوں نے مجھے بتایا کہ اللہ پاک تمہاری وجہ سے فرشتوں پر فخر کر رہا ہے۔[2]

مُفتی احمد یار خان رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ”معلوم ہوا کہ اسلام اور حضورِ انور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی تشریف آوری کا شکر ادا کرنے کے لیے مجلسیں منعقد کرنا، حلقے بنا کر بیٹھنا

---

1 ...الخصائص الکبری، باب ماظھر فی لیلۃ مولدہ من المعجزات...الخ، 1/82 مختصراً، دار الکتب العلمیہ، بیروت

2 ...مسلم، کتاب الذکر...الخ، باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ...الخ، ص1040، حدیث: 2701

سُنَّتِ صحابہ ہے، یہ حدیث مجلسِ میلاد شریف کی اصل ہے۔“[1]

(4) جلوس نکالنا

12 ربیع الاوّل کو جلوسِ میلاد سے پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی شان کا ایسا اظہار ہوتا ہے کہ غیر مسلم بھی حیرت سے دیکھتے ہیں کہ اِن کو اپنے نبی سے اِتنی محبّت ہے کہ تقریباً 1500 سال گزرنے کے بعد بھی اِن کی اپنے نبی سے محبّت کم نہیں ہوئی اور یہ ان کی Birthday (یومِ وِلادت) مناتے، خُوشیاں کرتے اور سجاوٹ کا اِہتمام کرتے ہیں۔[2]

جھنڈے کے ساتھ جلوس

رَحمتِ عالَم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے جب سُوئے مدینہ ہِجرت فرمائی اور مدینۂ پاک کے قریب ”مَوضَعِ غَمِیم“ میں پہنچے تو بُریدہ اَسلمی، قبیلہ بنی سَہم کے 70 سُوار لے کر سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کو مَعَاذَ اللہ گرِفتار کرنے آئے، مگر سرکارِ عالی وقار صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی نگاہِ فیض آثار سے خود ہی مَحَبَّتِ شاہِ اَبرار صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم میں گرِفتار ہو کر پورے قافِلے سَمیت مُشَرَّف بہ اسلام ہو گئے۔ اب عرض کی: **یارسول اللہ** صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم مدینۂ منوَّرہ میں آپ کا داخِلہ پرچم کے ساتھ ہونا چاہئے۔ چُنانچِہ اپنا عِمامہ سر سے اُتار کر نیزے پر باندھ لیا اور اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے آگے آگے روانہ ہوئے۔[3]

دعوتِ اسلامی اور جشنِ ولادت

الحمدللہ! دعوتِ اسلامی کا جشنِ ولادت منانے کا اپنا ایک منفرد انداز ہے۔ ربیعُ

---

1 ...مرآۃ المناجیح، 3/321 بتغیر

2 ...مَدَنی مذاکرہ، 12 ربیع الاول 1441ھ بمطابق 9 نومبر 2019ء مختصراً

3 ...اخلاق النبی وآدابہ، ذکر محبتہ للفال والحسن من القول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم، 4/65، دار المسلم، ریاض

الاوّل کا چاند نظر آتے ہی مساجد میں آمدِ ربیعُ الاوّل کے اعلانات ہوتے ہیں، گھروں، گلی محلوں، بازاروں، شاہراہوں اور اہم مقامات کو جھنڈوں اور لائٹوں سے سجایا جاتا ہے، نبیِ پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی مبارک سیرت اور آپ کے فضائل و کمالات کا چرچا عام کیا جاتا ہے، درود و سلام کی کثرت کی جاتی ہے نیز گھروں میں محافلِ نعت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ دُنیا بھر میں ربیع الاوّل کی 12 ویں رات اجتماعِ میلاد کیے جاتے ہیں، صبحِ بہاراں کے وقت ایک عجیب اور پُر کیف سماں طاری ہوتا ہے، پھر عید میلاد النّبی کے دن جلوسِ میلاد میں "مرحبا یا مصطفٰی" کے نعروں سے عشقِ رسول کا اِظہار کرتے ہیں۔

جشنِ ولادت اور امیرِ اہلِ سنّت

شیخِ طریقت، **امیرِ اہلِ سنّت مولانا محمد الیاس قادری** دامت برکاتہم العالیہ کا سالہا سال سے یہ معمول ہے کہ آپ انتہائی عظیمُ الشان طریقے سے شَرِیعَت کے دائرے میں رہ کر جَشنِ وِلادَت کی خوشیاں مناتے ہیں، چنانچہ ماہِ مِیلاد کا مُبارَک چاند نظر آتے ہی آپ جشنِ وِلادتِ سَرکار کی خوشی میں اپنی رہائش گاہ کو مَدَنی پرچموں، جھنڈیوں اور رنگ برنگی لائٹوں سے سجاتے، دُرُود و سَلام کی کثرت فرماتے اور عاشِقانِ رَسُول کو بھی وِلادَتِ مَحبوب کی دُھومیں مچانے کی ترغیب دلاتے ہیں جبکہ ربیع الاوّل شریف کی چاند رات سے مَدَنی چینل پر مسلسل 12 راتیں مَدَنی مذاکرے فرماتے ہیں۔ جب بارہویں رات تشریف لاتی ہے تو آپ کی خوشیاں مزید دوبالا ہو جاتی ہیں۔ اس رات آپ خصوصیت کے ساتھ غسل فرماتے، اپنے استعمال کی اکثر چیزیں مثلاً لباس، عمامہ شریف، ٹوپی، کنگھی، عطر، مسواک، پین، چادر، رومال، سربند، چپل وغیرہ عموماً نئی استعمال فرماتے ہیں۔ بارہویں شب اجتماعِ میلاد میں شرکت فرماتے ہیں اور اختتام پر کثیر عاشقانِ رسول کے ساتھ مل کر درود و سلام کا ورد

کرتے اور عشق و مستی میں ڈوب کر جھومتے ہوئے، والہانہ انداز میں اشک بار آنکھوں سے صبحِ بہاراں کا استقبال کرتے ہیں۔ جبکہ بارہویں والے دن عید میلاد النّبی کی خوشی میں آپ عاشقانِ رسول میں عیدی بھی تقسیم فرماتے ہیں۔

ایک موقع پر امیرِ اہلِ سنّت سے سوال کیا گیا کہ جب جشنِ ولادت کا دن آتا ہے تو آپ کو کتنی خوشی ہوتی ہے؟ فرمایا: مجھے کتنی خوشی ہوتی ہے، اِس کا پیمانہ کہاں سے لاؤں! وِلادتِ مصطفےٰ کی خُوشی کس کو نہیں ہوتی ہو گی! اَلحمدُ لِلّٰہ! اللہ پاک کا کَرَم ہے کہ مجھے بھی خوشی ہوتی ہے۔ اللہ کرے کہ ہم آخری سانس تک جشنِ ولادت مناتے رہیں۔ سچّی بات یہ ہے کہ جشنِ وِلادت اور ذِکرِ مصطفےٰ کے بغیر زندگی پھیکی پھیکی ہے۔[1]

نِثار تیری چہل پہل پر ہزار عیدیں ربیع الاوّل
سِوائے اِبلیس کے جہاں میں سبھی تو خُوشیاں مَنا رہے ہیں[2]

میلادِ مُصطَفےٰ کی خوشی میں عشق و مَحبَّت میں ڈوبی ہوئی آپ کی دیوانگی کا اندازہ آپ کے تحریر کردہ کلام سے بآسانی لگایا جاسکتا ہے چُنانچہ آپ اپنے جذبات کا اِظہار کچھ یُوں فرماتے ہیں:

پُھولے نہیں سَماتے ہیں عطّارؔ آج تو دُنیا میں آج حامیِ عطّارؔ آگئے[3]

جلوسِ میلاد میں شرکت کا جذبہ

جلوسِ میلاد میں شرکت کے بارے میں ایک موقع پر ارشاد فرمایا: ”الحمدُ لِلّٰہ میں نے جلوسِ میلاد میں پابندی سے شرکت کی ہے یہاں تک کہ ایک بار جب دعوتِ اسلامی کی

1 ...مَدَنی مذاکرہ، 12 ربیع الاول 1441ھ بمطابق 9 نومبر 2019 ملتقطاً
2 ...دیوان سالک، ص35، مکتبۃ المدینہ، کراچی
3 ...وسائلِ بخشش، ص512، مکتبۃ المدینہ، کراچی

شروعات کا دور تھا، اُس وقت میرا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا جس کی وجہ سے میرے پاؤں پر پلستر بندھ گیا تو میں نے جلوسِ میلاد میں شرکت کرنے کے لیے کرائے پر سوزوکی حاصِل کی اور اس میں سُوار ہو کر لیٹے لیٹے جلوسِ میلاد میں شرکت کی۔ ان دِنوں دعوتِ اسلامی کا ہفتہ وار سنّتوں بھرا اِجتماع جامع مسجد گلزارِ حبیب (کراچی) میں ہوا کرتا تھا، ایک بار مجھے وہاں ایک سَیِّد صاحب ملے جنہوں نے بتایا کہ میں نے آپ کو جلوسِ میلاد کے دَوران سوزوکی میں لیٹے ہوئے دیکھا تھا اور آپ کے پاؤں پر پلستر بندھا ہوا تھا، آپ کے جلوسِ میلاد میں شرکت کے جَذبے نے مجھے متاثّر کیا اور میں نے اِجتماع میں آنا شروع کر دیا۔"[1]

منانا جشنِ میلادُ النّبی ہرگز نہ چھوڑیں گے
جلوسِ پاک میں جانا کبھی ہرگز نہ چھوڑیں گے[2]

جشنِ ولادت کی تیاری کیسے کریں؟

اس سال بھی عاشقانِ رسول خوب دھوم دھام سے جشنِ ولادت منائیں گے۔ بالخصوص دعوتِ اسلامی کے نگران و شعبہ جات کے ذمہ داران کو جشنِ ولادت (اجتماعِ میلاد، جلوسِ میلاد وغیرہ) سے متعلّق مختلف مَدَنی پھول اور طریقِ کار تحریری طور پر دیا جا رہا ہے تاکہ ان مَدَنی پھولوں کے مطابق ہم اس سال پہلے سے بڑھ کر بھرپور تیاری کر سکیں۔

(1) استقبالِ ربیع الاوّل کے پیغام کو عام کریں

❁ استقبالِ ربیع الاوّل کا پیغام گھر گھر، دُکان دُکان پہنچانے کے لئے رسالہ "صبحِ بہاراں" اپنے محلّوں، مارکیٹوں اور سُنّی تنظیموں کے سربراہان میں خوب تقسیم کریں۔

---

1 ...ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنت، ٹینشن کا علاج (قسط:85)، ص6، مکتبۃ المدینہ، کراچی

2 ...وسائلِ بخشش، ص414، مکتبۃ المدینہ، کراچی

(2) چراغاں (Lighting) اور سجاوٹ کریں

❁ یوسی سطح پر مجلسِ میلاد بنائیں اور سجاوٹ و چراغاں کا کام اُن کے سپرد کر دیں، اس مجلس میں نگران وذمہ داران کا داڑھی اور عمامہ والا ہونا ضروری نہیں۔

❁ ہر عاشقِ رسول کو یہ ذہن دیا جائے کہ وہ اپنے گھر، دُکان اور آفس وغیرہ میں چراغاں اور سجاوٹ وغیرہ کی ترکیب کرے۔

(3) جھنڈے اور فلیکس آویزاں کریں

❁ مساجد، گھروں، دکانوں، فیکٹریوں وغیرہ پر 12 عَدَد ورنہ کم از کم ایک عَدَد مَدَنی پرچم **ربیعُ الاوّل شریف** کی چاند رات سے لے کر سارا مہینا لہرایئے۔

❁ بسوں، ویگنوں، ٹرکوں، ٹرالوں، ٹیکسیوں، رکشوں، ریڑھوں، گھوڑا گاڑیوں وغیرہ پر ضَرورتاً اپنے پلّے سے پرچم خرید کر باندھ دیجئے۔ اپنی سائیکل، اسکوٹر اور کار پر بھی لگایئے۔

❁ مکتبۃُ المدینہ سے جاری ہونے والے پینا فلیکسز دعوتِ اسلامی کے اداروں کے باہر اور شہر کے مختلف نمایاں مقامات پر بھی لگایئے۔

(4) محافلِ میلاد منعقد کریں اور کروائیں

❁ ہر یوسی میں یوسی سطح پر 12 دن تک روزانہ مختلف مساجِد اور تمام مَدَنی مراکز (فیضانِ مدینہ) میں عظیم الشان سنّتوں بھرے اجتماعِ میلاد کریں۔

(5) اجتماعِ میلاد اور صبحِ بہاراں میں شرکت کریں

❁ تمام عاشقانِ رسول 12 ویں شب **اجتماعِ میلاد** میں مکمل شرکت کریں۔

❁ صبحِ صادِق کے وقت مَدَنی پرچم اُٹھائے، دُرُود و سلام کے ہار لئے، اشکبار آنکھوں سے

"صبحِ بہاراں" کا استقبال کیجئے۔

❁ بعد نمازِ فجر **سلام وعید مبارک** کہہ کر ایک دوسرے سے گرم جوشی کے ساتھ ملاقات فرمایئے اور سارا دن عید کی مبارکباد پیش کرتے اور عید ملتے رہئے۔

(6) جلوسِ میلاد کی دھومیں مچائیں

❁ باوضو، نعتوں اور دُرُود و سلام کے پھول برساتے، نگاہیں جھکائے، مَدَنی پرچم اُٹھائے، پُر وقار طریقے پر جُلوسِ میلاد میں شریک ہوں۔

جشنِ ولادت منانے کی نیتیں

❁ نیت کیجیے کہ جَشنِ وِلادت کا ہر کام اللہ پاک اور اس کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی رِضا کے لیے کروں گا۔

❁ تعظیمِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی خاطِر چَراغاں کروں گا۔

❁ پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کا جَشنِ وِلادت مَنا کر اللہ پاک کی سب سے بڑی نعمت کا چرچا کروں گا۔

❁ ظاہِری سجاوٹ کے ساتھ ساتھ توبہ و اِستِغفار کے ذَرِیعے اپنا باطِن بھی سجاؤں گا۔

❁ حضرت جبرائیلِ امین علیہ السّلام نے شبِ ولادت جو تین جھنڈے گاڑے تھے اِس کی پیروی میں جھنڈے لہراؤں گا۔[1]

❁ بارہویں رات کو اِجتماعِ میلاد میں شرکت کر کے ذکرِ خدا و مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی سعادت حاصل کروں گا۔

---

1 ... صبحِ بہاراں، ص33، مکتبۃ المدینہ، کراچی

❁ صبح بہاراں کی پُر نور ساعتوں میں باادب کھڑے ہو کر دُرود و سلام کا نذرانہ پیش کروں گا۔

❁ جُلوسِ میلاد میں باعمامہ اور حتّی الامکان باوُضو رہوں گا۔[1]

❁ جُلوس کے دَوران بھی مسجِد کی نمازِ باجماعت تَرک نہیں کروں گا۔[2]

چراغاں، اجتماع و جلوسِ میلاد کی شرعی و تنظیمی احتیاطیں

❁ میلاد کی سجاوٹ اور چراغاں کرنے میں حقوقِ عامہ کا خیال رکھیں، کسی کے حقوق تلف نہ کریں، گلیاں ہرگز بند / تنگ نہ کریں، سڑکیں کھود کر خراب نہ کریں، 100 فیصد شریعت کے دائرے میں رہ کر جشنِ میلاد منائیں۔

❁ کُنڈے لگا کر بجلی چوری کرنا، ناجائز ہے لہٰذا چراغاں کے لئے جائز ذرائع صورت بنائیں اور بجلی کے بِل مکمل ادا کریں۔

❁ بیچ سڑک پر پرچم مت گاڑیئے کہ اس سے ٹریفک کا نظام متاثّر ہوتا ہے۔[3]

❁ جب اندھیرا ہو جائے تو لائٹنگ چلائی جائے اور جب چہل پہل بند ہو جائے، لوگوں کے سونے کا وقت ہو جائے تو فوراً بند کر دی جائے۔[4]

❁ بلندی پر سجاوٹ اس طرح کریں کہ ٹرک اور کنٹینرز کو گزرنے میں آسانی رہے۔[5]

❁ نقشِ نعلِ پاک یا لکھائی والے جھنڈے لگانے میں احتیاط کریں، حتی الامکان بغیر نقش و

---

1 ...صبح بہاراں، ص33

2 ...صبح بہاراں، ص33

3 ...مَدَنی مذاکرہ، 3 ربیع الاوّل 1439ھ بمطابق 21 نومبر 2017ء

4 ...مَدَنی مذاکرہ، 7 ربیع الاول 1441ھ بمطابق 4 نومبر 2019ء ملخصًا

5 ...ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنّت، تعزیت کا طریقہ (قسط:9)، 1/164 ملخصًا، مکتبۃ المدینہ، کراچی

تحریر کے سادہ مَدَنی پرچم لہرائیے۔

❁ ربیع الاوّل شریف پر سجاوٹ یا چراغاں وغیرہ کے لیے دعوتِ اسلامی کے عطیات استعمال کرنے کی ہر گز اجازت نہیں، البتہ اس کے لیے الگ سے چندہ کیا جاسکتا ہے۔

❁ جلوسِ میلاد میں اُچھل کود مچا کر کسی کو تنقید کا موقع مت دیجئے۔[1]

❁ تنگ گلیوں میں جلوسِ میلاد نکالنے کے بجائے، کشادہ جگہ کی ترکیب بنائی جائے تاکہ گاڑی چلانے اور پیدل چلنے والوں کو تکلیف نہ ہو۔

❁ جُلُوس کے دوران لنگر میں کھانے پینے کی چیزیں اِس طرح لُٹانا کہ نیچے گریں، قدموں تلے آئیں اور رِزق ضائع ہو، یہ ناجائز ہے۔[2]

❁ شربت یا پانی کی سبیل پر اِسراف سے بچا جائے اور کوئی چیز ضائع نہ ہونے پائے۔[3]

اسلامی بہنوں کے لئے احتیاطیں

❁ تنظیمی طور پر اسلامی بہنوں کو سَجاوٹ دیکھنے کے لیے گھروں سے نکلنا منع ہے۔[4]

❁ عورتوں کا گھروں میں میلاد کرنا جائز ہے، اَلبتہ اِس بات کا خیال رکھنا لازمی ہے کہ عورت کی آواز غیر مَردوں تک نہ جائے۔[5]

❁ دعوتِ اسلامی میں اسلامی بہنوں کے مائیک اِستعمال کرنے پر پابندی ہے۔[6]

---

1 ...صبح بہاراں، ص32

2 ...ملفوظاتِ امیر اہلِ سنّت، اندازِ گفتگو کیسا ہو؟ (قسط:19)، 1/355، مکتبۃ المدینہ، کراچی

3 ...مَدَنی مذاکرہ، 23 صفر المظفر 1442ھ بمطابق 11 اکتوبر 2020ء ملخصاً

4 ...ملفوظاتِ امیر اہلِ سنّت، پیارے آقا کا بچپن (قسط:18)، 1/322، مکتبۃ المدینہ، کراچی

5 ...مَدَنی مذاکرہ، 5 ربیع الاول 1441ھ بمطابق 2 نومبر 2019ء

6 ...مَدَنی مذاکرہ، 5 ربیع الاول 1441ھ بمطابق 2 نومبر 2019ء ملخصاً

اجتماعِ میلاد، جلوسِ میلاد کی تیاری کے مَدَنی پھول

دُھوم ہے عطّار ہر سُو شاہ کے مِیلاد کی
جُھوم کر تم بھی پکارو مرحبا یا مصطفٰے

اجتماعِ میلاد

❁ اجتماعِ میلاد شہر کے سب سے بڑے اسٹیڈیم / میدان / گراؤنڈ میں دھوم دھام سے بھرپور تیاری کے ساتھ کیا جائے۔ یہ اجتماع اُس شہر کا تاریخی اجتماع ہونا چاہئے۔

❁ تمام شعبہ جات کے ذمہ داران ووابستہ عاشقانِ رسول اس اجتماعِ میلاد کی بڑھ چڑھ کر تیاری کریں۔

❁ جامعۃُ المدینہ بوائز، مدرسۃُ المدینہ بوائز کے طلبہ وسرپرست صاحبان شرکت کریں۔

❁ شعبہ اِمام مساجد کے تحت مساجد میں اولاً مختصر محفلِ نعت کی جائے، اس کے بعد وہیں سے مرکزی اجتماعِ میلاد کے لیے گاڑیاں چلائی جائیں۔

❁ اجتماعِ میلاد کے شرکاء کا ہدف: فی ذیلی حلقہ 63 اسلامی بھائی، اس ہدف کے مطابق بھرپور کوشش کی جائے۔

اجتماع کی دعوت سے متعلّق!!!

❁ اجتماع گاہ کے اطراف میں ہر ٹاؤن / UC میں گھر گھر، دکان دکان اور دفتر دفتر جا کر اجتماع کی دعوت دی جائے۔

❁ اجتماعِ میلاد سے پہلے والے جمعہ میں اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کے اعلانات کروائے جائیں۔

❁ جس شہر میں اجتماعِ میلاد ہو، وہاں کم از کم 7 دن پہلے اس اجتماع کے مکمل ایڈریس اور

وقتِ آغاز کا اعلان کروایا جائے، تاکہ اجتماع میں شرکت کرنے والے عاشقانِ رسول کو خود بھی بروقت پہنچنے اور دُوسروں کو لانے میں آسانی ہو۔

❁ مسجد درس، چوک درس، علاقائی دورہ اور مدرسۃُ المدینہ بالغان میں اجتماعِ میلاد کی خوب دعوت دی جائے۔

❁ اجتماع میں شرکت کرنے والے عاشقانِ رسول کی سہولت کے لیے گاڑیاں (بسیں، ویگنیں، ٹرالیاں وغیرہ) چلائی جائیں، بالخصوص اطراف سے شرکت کرنے والوں کے لیے اس کا خاص اِہتمام کیا جائے، ہر گاؤں سے بسیں، ٹرالیاں وغیرہ چلائی جائیں تو کیا بات ہے!!!

❁ اجتماع میں وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھا جائے، جو وقت طے ہو اُس کے مطابق ہی آغاز اور اِختتام کیا جائے۔

مَنچ (Stage) سے متعلّق چند پوائنٹس

❁ مَنچ (Stage) بالکل سادہ ہونا چاہئے۔ ❁ منچ اس انداز سے بنایا جائے کہ اس پر صرف مبلغ کے بیٹھنے کی ترکیب کی جائے۔ ❁ علمائے کرام، مشائخ عظام وغیرہ کے لیے منچ کے قریب کسی مناسب جگہ پر بیٹھنے کا انتظام کیا جائے۔ (ضرورتاً کُرسیاں بھی رکھی جاسکتی ہیں) ❁ منچ پر بہترین لائٹ کا انتظام ہونا چاہئے۔ ❁ اجتماع گاہ میں بھی لائٹ کا بہترین انتظام کیا جائے تاکہ ریکارڈنگ یا مَدَنی چینل پر لائیو ہونے کی صورت میں کوئی آزمائش نہ ہو۔ ❁ ساؤنڈ اچھی کوالٹی کا لگایا جائے۔ ❁ مکمل اجتماع شروع سے ہی جنریٹر پر کیا جائے تاکہ دورانِ اجتماع لوڈشیڈنگ ہونے کی صورت میں دُشواری نہ ہو۔

❁ اجتماع کے اختتام پر 3 دن / 12 دن اور 1 ماہ کے قافلے راہِ خدا میں سفر کروائے جائیں اور ہاتھوں ہاتھ دارُ السُّنّہ سے ان قافلوں کو سمتیں دے کر روانہ کیا جائے۔

نوٹ: متعلّقہ نگرانِ ڈسٹرکٹ مشاورت / نگرانِ شہر مشاورت اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کی تیاری کے لیے ایک انتظامی مجلس (3/5رُکنی) اور اس کے تحت ذیلی مجالس بنائیں تاکہ ان ایونٹس کی بھرپور انداز سے تیاری ہو سکے۔ اجتماع اور جلوسِ میلاد سے قبل تمام معاملات کا پیشگی جائزہ لیں، تاکہ کسی کمزوری کی صورت میں پیشگی اس کا حل کیا جاسکے۔

جلوسِ میلاد

- جلوسِ میلاد میں نعتیں اور نعرے وہی چلائیں، جو پاکستان مشاورت آفس سے جاری کیے جائیں۔
- جلوسِ میلاد میں ہر UC / وارڈ / ٹاؤن کے نگران و ذمہ داران اپنا بینر الگ سے بنوائیں جس پر اپنے / UC / وارڈ / ٹاؤن کا نام لکھا ہو، مثلاً (اقبال ٹاؤن، گوجرانوالہ سٹی وغیرہ)۔
- شعبوں والے اپنے اپنے شعبے کی نمائندگی کرتے ہوئے جلوسِ میلاد میں شرکت کریں۔
- شعبے کے 2 اسلامی بھائی اپنے شعبے کا بینر لے کر آگے آگے چل رہے ہوں، اس شعبے کے بقیہ اسلامی بھائی ان کے پیچھے پیچھے سروں کو جھکائے، مَدَنی پرچم اُٹھائے، لبوں پر نعتوں کے نغمے سجائے نہایت ہی پُر وقار انداز میں شرکت کریں۔
- جامعۃُ المدینہ / مدرسۃُ المدینہ کے بینرز میں اُس جامعۃُ المدینہ / مدرسۃُ المدینہ کا ایڈریس / محلے کا نام وغیرہ بھی درج ہو مثلاً (مرکزی جامعۃُ المدینہ ملتان، مدرسۃُ المدینہ جوہر ٹاؤن لاہور وغیرہ)۔
- جلوسِ میلاد میں تمام ذمہ داران و شعبہ جات والے "مرحبا یا مصطفٰی" کی صدائیں لگاتے ہوئے اوّل تا آخر شرکت کریں۔

جلوسِ میلاد میں شعبہ جات کی ترتیب

جہاں تک ممکن ہو کوشش کی جائے کہ جلوسِ میلاد میں اس انداز سے شعبہ جات کی ترتیب قائم رہے!!! جیسے ❊ جلوس کے شروع میں شہر نگران، شہر میں دارالافتاء اہلِ سنّت کے مفتیانِ کرام ومَدَنی علمائے کرام ❊ جامعۃُ المدینہ بوائز، نائٹ جامعۃُ المدینہ ❊ مدرسۃُ المدینہ بوائز ❊ مدرسۃُ المدینہ بالغان ❊ شعبہ اصلاحِ اعمال ❊ شعبہ قافلہ ❊ تحصیل سطح کے / شہر کے اہم شعبہ جات وغیرہ۔ (شہر کی اہم شخصیات وتاجران کو بھی آگے والے حصے میں شامل کیا جاسکتا ہے)

❊ شہر کی شخصیات وتاجران وغیرہ کو بھی جلوسِ میلاد میں شرکت کروائی جائے۔

❊ مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ کے اِمام صاحب 11 ربیع الاوّل کی نمازِ فجر کے بعد اعلان کریں کہ آج رات ہونے والے اجتماعِ میلاد کی وجہ سے صرف کل 12 ربیع الاوّل کی نمازِ فجر _____ بجے ادا کی جائے گی۔ اسی طرح 11 ربیع الاوّل کی نمازِ عصر کے بعد اعلان کریں کہ جلوسِ میلاد کی وجہ سے صرف کل نمازِ عصر تقریباً _____ بجے ادا کی جائے گی۔

❊ جن شہروں میں مَدَنی مرکز (فیضانِ مدینہ) ہے، وہاں جلوسِ میلاد کے عاشقانِ رسول نمازِ عصر فیضانِ مدینہ میں ادا کریں۔ اس کے بعد مختصر بیان ہو جس میں بالخصوص نماز کی پابندی، ہفتہ وار اجتماع ومَدَنی مذاکرے میں پابندی سے شرکت کی دعوت دی جائے، مغرب سے قبل دُعائے افطار / نعت خوانی، نمازِ مغرب اور اس کے بعد لنگرِ میلاد (کھانا) پیش کیا جائے۔

دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات جشنِ ولادت کی تیاری کیسے کریں؟

(1) دارُ الافتاء اہلِ سنّت

❁ دارُ الافتاء اہلِ سنّت کی عمارت پر جھنڈے لگائیں اور چراغاں کریں۔ ❁ دارُ الافتاء اہلِ سنّت کی طرف سے بالخصوص ماہِ صفر کے آخری عشرے اور ربیع الاول کے پہلے 12 دن جشنِ ولادت سے متعلّق، چراغاں سے متعلّق، محفلِ میلاد سے متعلّق، جلوسِ میلاد سے متعلّق ہونے والے **عوامی سوالات کے جوابات پر مشتمل فتاویٰ جات** جاری کیے جائیں ❁ دارُ الافتاء اہلِ سنّت کے مفتیانِ کرام اور مَدَنی علمائے کرام اپنی مساجد میں یا بیانات میں اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کی بھرپور دعوت دیں ❁ حسبِ موقع آنے والے سائلین کو اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کی دعوت دی جائے۔ ❁ دارُ الافتاء اہلِ سنّت کے مفتیانِ کرام اور مَدَنی علمائے کرام، نگران اسلامی بھائیوں کے ساتھ جلوسِ میلاد میں نمایاں طور پر شرکت کی سعادت حاصل کریں۔

(2) اِسلامِک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ)

❁ المدینۃ العلمیہ کے علمائے کرام اپنے جاننے والوں، رشتہ داروں اور دوستوں کو، نیز اپنی مساجد یا جہاں جہاں بیانات فرمائیں، وہاں بھی لوگوں کو اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت دیں۔ ❁ ماہِ ربیع الاوّل کی مناسبت والے کتب و رسائل کا تعارُف کروائیں، طے شدہ طریقِ کار کے مطابق وائرل کروائیں اور پڑھنے کی ترغیب دِلائیں۔ ❁ اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں خود بھی اوّل تا آخر شرکت کریں۔

(3) کنز المدارس بورڈ

❁ کنزُ المدارس بورڈ کی عمارت کو جھنڈوں اور لائٹوں سے خوب سجایا جائے نیز گیٹ پر خاص طور پر خوب سجاوٹ کریں۔ ❁ کنزُ المدارس بورڈ کے اسٹاف اور ذمہ داران اپنے رابطے میں موجود سبھی عوام و خواص کو اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت دیں۔ ❁ کنزُ المدارس بورڈ ہیڈ آفس سے تمام اِلحاق شدہ اِداروں کے سربراہان کو جشنِ ولادت کی مبارکباد دیں، رسالہ **"صبحِ بہاراں"** پہنچائیں، نیز انہیں اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کی ترغیب دلائیں۔

(4) جامعۃُ المدینہ بوائز

❁ جامعۃُ المدینہ کی عمارت کو مَدَنی پرچموں اور لائٹوں سے سجایا جائے ❁ طلبہ، اساتذہ و ناظمین کرام بھی اپنے گھروں پر لائٹنگ کریں، اپنی گاڑی، دُکان و مکان پر مَدَنی پرچم لگائیں۔ ❁ طلبہ کرام دینی کاموں کے لئے جہاں جائیں، وہاں انفرادی کوشش کرکے قریبی اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت اور چراغاں و سجاوٹ کا ذہن دیں۔ ❁ تمام طلبہ، اساتذہ اور ناظمین خود بھی اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شریک ہوں نیز انفرادی کوشش کے ذریعے اپنے سرپرست، رشتہ داروں اور دوست احباب کو بھی ساتھ لائیں۔ ❁ ہر جامعۃُ المدینہ اپنے بینرز اُٹھائے اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کرے۔ ❁ اہلِ علاقہ کے گھروں میں مختصر (کم و بیش 45 منٹ کی) محفلِ نعت کی ترکیب کریں۔ ❁ جامعۃُ المدینہ کے قریبی چوک کو سجائیں اور وہاں جامعۃُ المدینہ کا بینر بھی لگائیں تاکہ پتہ چلے کہ یہ جھنڈے / پینا فلیکس کس نے لگائے ہیں۔ ❁ جامعۃُ المدینہ کے مین داخلی دروازے کو خوب سجایا جائے۔

(5) جامعۃُ المدینہ گرلز

❁ جامعۃُ المدینہ گرلز کی عمارت کو مَدَنی پرچموں اور لائٹنگ کرکے سجایا جائے نیز طالبات کو

بھی اپنے اپنے گھروں پر مَدَنی پرچم لگوانے اور لائٹنگ کروانے کی ترغیب دلائیں۔ ❁ طالبات کے گھروں میں محافلِ میلاد منعقد کی جائیں۔ ❁ جامعۃُ المدینہ گرلز میں ہونے والے اسلامی بہنوں کے اجتماعِ میلاد میں تمام طالبات خود بھی شرکت کریں، نیز اپنی والدہ، بہنوں، خواتین رشتہ داروں اور جاننے والیوں کو بھی شرکت کروائیں۔ ❁ جامعۃُ المدینہ کے قریبی چوک کو سجائیں اور وہاں جامعۃُ المدینہ کا بینر بھی لگائیں تاکہ پتہ چلے کہ یہ جھنڈے / پینافلیکس کس نے لگائے ہیں۔ ❁ جامعۃُ المدینہ کے مین داخلی دروازے کو خوب سجایا جائے۔

(6) دارالمدینہ (اسکول، کالج، یونیورسٹی) - (7) فیضان اسلامک اسکول

❋ دار المدینہ کی عمارت مَدَنی پرچموں اور لائٹوں سے سجائی جائے، نیز تمام اسٹوڈنٹس اور ٹیچرز اپنے گھروں پر بھی مَدَنی پرچم لگائیں اور لائٹنگ سے گھر سجائیں۔ ❋ گھروں میں محافلِ میلاد منعقد کی جائیں۔ ❋ دار المدینہ میں کوئی دن مخصوص کرکے اجتماعِ میلاد منعقد کیا جائے جس میں بالخصوص اسٹوڈنٹس کے والدین / سرپرست صاحبان کو شرکت کروائیں نیز انہیں اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں بھی شرکت کروائیں۔

(8) مدرسۃُ المدینہ بوائز (9) مدرسۃُ المدینہ شارٹ ٹائم (10) مدرسۃُ المدینہ رہائشی

❋ ہر مدرسۃُ المدینہ کی عمارت پر مَدَنی پرچم لگائیں، لائٹنگ بھی کریں ❋ قاری صاحبان، ذمہ داران اور طلبہ بھی اپنے گھروں پر پرچم لگائیں اور لائٹنگ بھی کریں۔ ❋ طلبہ کے گھروں میں محافلِ میلاد منعقد کریں، اس محفل میں دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کی دعوت بھی دیں۔ ❋ جلوسِ میلاد میں سبھی بچے سفید لباس، سفید عمامہ شریف، نقش نعل پاک کا بیج سجائے، قاری صاحبان کی زیرِ نگرانی یا اپنے

والدین / سرپرست صاحب کے ساتھ شریک ہوں۔ ❋ سابقہ ناظرہ خواں بھی باعمامہ اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شریک ہوں ❋ مدرسۃُ المدینہ کے قریبی چوک کو سجائیں اور وہاں مدرسۃُ المدینہ کا بینر بھی لگائیں تاکہ پتہ چلے کہ یہ جھنڈے / پینافلیکس کس نے لگائے ہیں۔ ❋ مدرسۃُ المدینہ کے مین داخلی دروازے کو خوب سجایا جائے۔

(11) مدرسۃُ المدینہ گرلز

✺ مدرسۃُ المدینہ گرلز کی عمارت مَدَنی پرچموں اور لائٹنگ سے سجائیں۔ ✺ بچیوں کو بھی ترغیب دلائیں کہ وہ اپنے گھروں پر مَدَنی پرچم لگوائیں اور لائٹنگ کروائیں۔ ✺ بچیوں کے گھروں میں محافلِ میلاد منعقد کی جائیں ✺ ان محافل میں خواتین کو ترغیب دلائیں کہ وہ اپنے محارم کو اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ✺ مدرسۃُ المدینہ گرلز میں ہونے والے اسلامی بہنوں کے اجتماعِ میلاد میں تمام بچیاں خود بھی شرکت کریں، نیز اپنی والدہ، بہنوں، خواتین رشتہ داروں اور جاننے والیوں کو بھی اس اجتماعِ میلاد میں لے کر آئیں۔

(12) شعبہ مدرسۃُ المدینہ بالغان

❋ مارکیٹ / مساجد / آفس وغیرہ میں لگنے والے مدرسۃُ المدینہ بالغان میں پڑھنے والے اسلامی بھائیوں کو اپنے گھروں میں سجاوٹ اور لائٹنگ کرنے نیز اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دِلائیں۔ ❋ شعبے کے تمام مدرسین و پڑھنے والے اپنے گھروں میں محافلِ میلادُ النّبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا اہتمام کریں۔ ❋ معلّمین، ذمہ داران اور طلبہ اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شریک ہوں۔

(13) مدرسۃُ المدینہ کورسز

✤ مدرسۃُ المدینہ کورسز کے ذمہ داران اپنی عمارتوں کو مَدَنی پرچموں اور لائٹنگ کر کے سجائیں۔ کورس کرنے والے طلبہ اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم لگائیں اور لائٹنگ کریں۔ ✤ کورس کے معلمین، ذمہ داران اور طلبہ اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شریک ہوں۔

(14) فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز

❋ فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز کی عمارت مَدَنی پرچموں اور لائٹنگ سے آراستہ کریں۔ ❋ فیضان آن لائن اکیڈمی (بوائز) کے ذمہ داران، ناظمین و مدرسین و دیگر اسٹاف تمام طلبا کو اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت پہنچائیں۔ ❋ کم از کم ربیع الاوّل کے پہلے 12 دن جشنِ ولادت کے موضوع پر مختلف ویڈیو کلپس طلبہ کو شئیر کریں۔

(15) فیضان آن لائن اکیڈمی گرلز

❋ فیضان آن لائن اکیڈمی گرلز کی عمارت مَدَنی پرچموں اور لائٹنگ سے آراستہ کریں۔ ❋ تمام طالبات کو ترغیب دلائی جائے کہ اپنے محارم کو اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت پہنچائیں۔ ❋ کم از کم ربیع الاوّل کے پہلے 12 دن جشنِ ولادت کے موضوع پر مختلف ویڈیو کلپس طالبات کو شئیر کریں۔

(16) شعبہ تعلیم

❋ شعبہ تعلیم کے اسلامی بھائی وذمہ داران سکولوں اور کالجز کے ٹیچرز، پروفیسر صاحبان، لیکچرز، سکولوں کے اسٹوڈنٹس (Students) کی اجتماعِ میلاد میں شرکت کو یقینی بنائیں۔

(17) شعبہ اِمامت کورس

❋ شعبہ اِمامت کورس کے تحت جو اسلامی بھائی کورس کر چکے ہیں، خواہ وہ اِمامت کر رہے

ہیں یا نہیں، اُن سے رابطے میں رہیں اور انہیں اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت اور اپنے ساتھ دوسروں کو بھی لانے کی ترغیب دلائیں ❄ درس و بیان کے آخر میں اپنے شہر میں ہونے والے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کی بھرپور دعوت دیں۔ ❄ کورس کرنے والوں کو ترغیب دلائیں کہ وہ اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم لگائیں اور لائٹنگ کریں۔

(18) شعبہ مَدَنی کورسز

✳ شعبہ مَدَنی کورسز کے ذمہ داران و معلمین، کورس کرنے والوں اور جو کورس کرکے جاچکے اُن سے رابطہ کرکے انہیں اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت دیں۔ ✳ انہیں اپنے گھروں میں سجاوٹ اور لائٹنگ کرنے کا بھی ذہن دیا جائے، گھروں میں محفلِ میلاد منعقد کی جائے۔ ✳ درس و بیان کے آخر میں اپنے شہر میں ہونے والے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کی بھرپور دعوت دیں۔ ✳ بالخصوص ماہِ ربیع الاوّل میں اہداف طے کرکے **"اخلاقِ کریمہ کورس"** کروایا جائے۔

(19) شعبہ فیضانِ مدینہ

❁ جس انداز سے فیضانِ مدینہ کراچی میں سجاوٹ اور لائٹنگ کی جاتی ہے، اسی انداز سے ہر فیضانِ مدینہ میں بھرپور تیاری کی جائے۔ ❁ ہر فیضان مدینہ میں 12 دن مسلسل مختصر وقت کے لیے (جس نماز میں نمازی زیادہ ہوں، اس میں) اجتماعِ میلاد کا اہتمام کریں۔ ❁ جہاں ممکن ہو جلوسِ میلاد مَدَنی مرکز فیضان مدینہ سے شروع کرکے فیضانِ مدینہ ہی ختم کریں۔ ❁ جہاں فیضان مدینہ مین روڈ پر واقع ہو، وہاں روڈ کو مَدَنی مرکز سے آدھا کلو میٹر پہلے اور آدھا کلو میٹر بعد تک سجایا جائے۔ ❁ اہلِ علاقہ کے گھروں میں روزانہ گھر بدل بدل کر

محفلِ نعت کریں۔

(20)شعبہ اِمام مساجد

❁ شعبہ اِمام مساجد کے تحت والی ہر مسجد میں بڑے اہتمام کے ساتھ جشنِ ولادت کی تیاریاں کی جائیں۔ ❁ نمازِ جمعہ میں بالخصوص اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کا اعلان کریں۔ ❁ تمام امام صاحبان اپنی مسجد میں محفلِ پاک منعقد کریں۔ ❁ اجتماعِ میلاد، جلوسِ میلاد اور 12 ربیع الاوّل کے مَدَنی مذاکروں میں شرکت کی دعوت کو عام کریں۔ ❁ اجتماعِ میلاد میں شرکت کے لئے اپنی مسجد سے گاڑی چلوائیں۔ ❁ مسجد میں لائٹنگ، سجاوٹ اور مَدَنی پرچم لگائے جائیں۔ ❁ اہلِ محلہ کو بھی اپنے گھروں میں سجاوٹ اور لائٹنگ کرنے نیز اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دلائیں۔ ❁ اہلِ علاقہ کے گھروں میں روزانہ گھر بدل بدل کر محفلِ نعت کریں۔

(21)شعبہ خُدّامُ المساجد والمدارس المدینہ

❁ جن ڈونرز نے مساجد یا مدارس بنا کر دیئے، انہیں اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ❁ حسبِ موقع شخصیات کو فیضانِ مدینہ کراچی یا بڑے شہروں کے مَدَنی مراکز میں لے کر آئیں اور شعبہ جات کا وزٹ کروائیں۔ ❁ شعبے کے تحت والی مساجد کو مَدَنی پرچم اور لائٹنگ سے آراستہ کریں، نیز ان میں محافلِ میلاد کریں۔ ❁ ڈونرز کو اپنے گھروں میں سجاوٹ اور لائٹنگ کرنے نیز اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دلائیں۔

(22)شعبہ اِصلاحِ اعمال

✺ شعبہ اصلاحِ اعمال کے ذمہ داران جن اسلامی بھائیوں کو نیک اعمال کے رسالے دیتے

اور پھر اُن سے وصول کرتے ہیں اُن سب کو اپنے گھروں پر سجاوٹ، لائٹنگ اور گاڑی، دُکان و مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کی بھی ترغیب دِلائیں۔ ❁ انہیں دعوتِ اسلامی کے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ❁ ان کے گھروں میں محفلِ میلاد منعقد کریں۔

(23) شعبہ محبتیں بڑھاؤ

❁ شعبہ محبتیں بڑھاؤ کے ذمہ داران بالخصوص ایسے اسلامی بھائیوں سے گھر جاجا کر ملاقات کریں جو پہلے آتے تھے اب نہیں آتے، انہیں اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت دیں۔ ❁ ان کے گھروں میں محفلِ میلاد منعقد کی جائیں۔ ❁ شعبہ محبتیں بڑھاؤ کے اسلامی بھائی بالخصوص اجتماعِ میلاد میں **خیر خواہ** بنیں اور اِدھر اُدھر گھومنے پھرنے والوں، پارکنگ ایریا/ گاڑیوں میں فضول بیٹھنے والوں کو نرمی و پیار سے ترغیب دلا کر اجتماع میں شرکت کروائیں۔

(24) شعبہ ہفتہ وار اجتماع

❁ بڑی راتوں کے اجتماعات بھی شعبہ ہفتہ وار اجتماع کے تحت ہیں، لہٰذا اجتماعِ میلاد کے لیے **کم از کم ایک ماہ قبل** متعلّقہ نگرانوں سے مشاورت کریں اور اجتماعِ میلاد کا مکمل جدول (قاری و نعت خواں اور مبلّغ) فائنل کر کے متعلّقین کو اطلاع بھی کریں۔ ❁ 12 ربیع الاوّل سے پہلے والے ہفتہ وار اجتماع میں شہر میں ہونے والے اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کے مقام اور وقت کا لازمی اعلان کریں۔ ❁ جس انداز سے ہفتہ وار اجتماع کے بہترین انتظامات کی کوشش کی جاتی ہے، اس سے بڑھ کر اجتماعِ میلاد کے انتظامات پیشگی مکمل کروائیں۔

(25) شعبہ ہفتہ وار مَدَنی مذاکرہ

❁ الحمدللہ! ربیع الاوّل کے 12 مَدَنی مذاکروں میں مجموعی طور پر ہزاروں اسلامی بھائی اجتماعی مَدَنی مذاکروں میں شرکت کرکے فیضانِ میلاد سمیٹنے کی کوشش کرتے ہیں، وارڈ/یوسی سطح پر ہونے والے اجتماعی مَدَنی مذاکروں کے تمام انتظامات بھرپور انداز میں کئے جائیں۔ ❁ بالخصوص مَدَنی مراکز فیضانِ مدینہ (جہاں الگ سے مَدَنی مذاکرہ دیکھنے کی سہولت ہو) میں ربیع الاوّل کے 12 اجتماعی مَدَنی مذاکرے دکھانے کا اہتمام کریں اور اس کی بھرپور تشہیر کریں۔ ❁ جامعۃُ المدینہ بوائز اور مدرسۃُ المدینہ رہائشی میں چاند رات تا 11 ربیع الاوّل مَدَنی مذاکرے دیکھنے کی ترکیب بنائیں۔

(26) شعبہ قافلہ

✺ گاؤں گاؤں، قریہ قریہ جشنِ ولادت کی دھومیں مچانے کے لئے بالخصوص 1st تا 12 ربیع الاوّل قافلے سفر کروائیں۔ ✺ ان قافلوں کی سمتیں ایسے ایریاز کی بنائیں، جہاں ابھی تک اجتماعِ میلاد یا جلوسِ میلاد نہیں ہوا، قافلے والے وہاں **اجتماعِ میلاد** اور **جلوسِ میلاد** کی ترکیب بھی کریں۔ ✺ قافلے کے جدول میں ہونے والے درس و بیانات میں بالخصوص اُس شہر کے اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کی بھرپور دعوت دیں۔ ✺ ان قافلوں کے ذریعے ربیع الاوّل سے متعلّق مکتبۃُ المدینہ کے رسائل بھی گھر گھر پہنچائیں۔ ✺ جو عاشقانِ رسول 12 ماہ، ایک ماہ، 12 دن یا 3 دن کے قافلوں میں سفر کرچکے، ان سب کو اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں ضرور شرکت کروائیں۔

(27) شعبہ رمضان اعتکاف

✺ جو اسلامی بھائی دعوتِ اسلامی کے تحت اعتکاف (ایک ماہ، آخری عشرہ یا نفل اعتکاف) کرچکے ہوں، شعبہ رمضان اعتکاف کے ذمہ داران ان سے رابطے میں رہیں اور انہیں اجتماعِ میلاد

اور جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت دیں، ان کے گھروں میں محفلِ میلاد منعقد کریں۔

(28) شعبہ فیضانِ اسلام

✺ شعبہ فیضانِ اسلام کے ذمہ داران نیو مسلم اسلامی بھائیوں میں رسالہ "صبحِ بہاراں" تقسیم کریں نیز انہیں اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ✺ 1 تا 12 ربیع الاوّل نیو مسلم آبادیوں میں محفلِ میلاد کریں اور عظمتِ مصطفٰے و جشنِ ولادت کا خوب چرچا کریں۔ ✺ نیو مسلم کی آبادیوں میں جشنِ ولادت کے بینر، لائٹنگ اور گھروں میں مَدَنی پرچم لگائیں۔ ✺ جلوسِ میلاد اور اجتماعِ میلاد کے لئے نیو مسلم آبادیوں سے گاڑیاں چلوائیں۔ ✺ شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنوں کے ذریعے نیو مسلم اسلامی بہنوں کے درمیان محفلِ میلاد کروائیں۔ ✺ نیو مسلم اسلامی بھائیوں کو بالخصوص فیضانِ مدینہ کراچی میں مَدَنی مذاکروں میں شرکت کروائیں۔

(29) شعبہ فیضانِ قرآن

✺ شعبہ فیضانِ قرآن کے ذمہ داران جیل انتظامیہ کی اجازت اور قانونی تقاضوں کے مطابق جیلوں میں جشنِ ولادت کے سلسلے میں محفلِ میلاد کریں جس میں قیدیوں اور جیل افسران کی شرکت ہو اور نعت و بیان کے ذریعے محبتِ رسول و عظمتِ رسول کو فروغ دیا جائے، ✺ پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی سنّتوں پر عمل کی ترغیب ہو۔ ✺ ہوسکے تو قیدیوں میں سادہ تسبیح / تسبیح کاؤنٹر تقسیم کریں اور روزانہ **1500 مرتبہ دُرود شریف** پڑھنے کی ترغیب دِلائیں۔ ✺ جیل افسران واسٹاف کے گھروں اور کالونیز میں محافلِ میلاد منعقد کریں، افسران کو گھروں میں سجاوٹ اور لائٹنگ کی ترغیب دلائیں۔

(30)شعبہ اطراف کے علاقے

❁ اس شعبے کے اسلامی بھائی اور ذمہ داران دیہات اور اطراف کے علاقوں کی مساجد یا بااثر شخصیات کے گھروں پر محافل کا اِنعقاد کریں اور جشنِ ولادت کا خوب چرچا کریں۔ ❁ اس شعبے کے قافلے بالخصوص ایسے ایریاز میں سفر کروائیں، جن گاؤں دیہات میں ابھی تک اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد شروع نہیں ہوا، تاکہ ان قافلوں کی برکت سے وہاں بھی جشنِ ولادت کی دُھومیں مچ جائیں۔ ❁ شعبے کے تحت جن اطراف علاقوں میں کورسز ہورہے ہیں وہاں طلبا یا مقامی اسلامی بھائیوں کے ذریعے مجلسِ میلاد بنائیں اور ان کے ساتھ مل کر اہلِ علاقہ کے تعاوُن سے جھنڈے، سجاوٹ اور چراغاں کا اہتمام کریں، گاڑیوں، دُکانوں اور مکانوں پر مَدَنی پرچم لگوائیں۔ ❁ اطراف کے علاقوں سے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کے لئے پہلے سے گاڑی کا انتظام بھی کروائیں۔

(31)شعبہ مزاراتِ اولیاء

❁ شعبہ مزاراتِ اولیاء کے ذمہ داران گدی نشینوں کو دعوتِ اسلامی کے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ❁ ان کے تاثرات ریکارڈ کروائیں اور مجلس مَدَنی چینل تک پہنچائیں۔ ❁ بالخصوص بڑے اور مشہور مزارات پر محفلِ میلاد منعقد کروائیں، رسالہ ”صبحِ بہاراں“ تقسیم کریں اور اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کی دعوت بھی دیں۔

(32)شعبہ حج و عمرہ

❁ شعبہ حج و عمرہ کے ذریعے حج یا عمرہ کی تربیت حاصل کرنے والوں، نیز تربیتی اجتماعات میں شرکت کرنے والوں سے رابطہ کرکے انہیں اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔

❁ حج و عمرہ کاروان سے متعلّقہ لوگوں سے ملاقات کرکے انہیں جشنِ ولادت اہتمام سے منانے کی ترغیب دِلائیں۔ ❁ ان کے گھروں میں محفلِ میلاد منعقد کریں۔

(33)شعبہ رابطہ برائے تاجران

❋ شعبہ رابطہ برائے تاجران کے ذمہ داران بالخصوص تاجر حضرات، فیکٹری مالکان وغیرہ سے ملاقات کرکے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ❋ ان کے لیے اجتماع گاہ میں بیٹھنے کی مخصوص جگہ کا پیشگی انتظام کیا جائے، ان کو Welcome کرنے کے لیے ذمہ داران موجود ہوں ❋ نمایاں تاجران کے گھروں پر محفلِ میلاد کا اہتمام کریں ❋ گھر پر مَدَنی پرچم لگانے اور چراغاں کرنے کی ترغیب دِلائیں۔ ❋ بڑے تاجران کے ذریعے شہر کے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کے اخراجات اسپانسر کروائیں۔ ❋ شہر کے نمایاں مقامات، بڑے ہورڈنگز پر/SMDs پر طے شدہ طریقِ کار کے مطابق جشنِ ولادت، اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد پر مشتمل مواد کا سٹیمر چلوائیں۔

(34)شعبہ رابطہ برائے حکیم

❁ اس شعبے کے ذمہ داران شعبے کی شخصیات و وابستہ افراد مثلاً حکما، ہربل معالج، یونانی میڈیکل پریکٹیشنر، ہربل دواخانوں اور پنسار اسٹور سے منسلک افراد، نیشنل کونسل فار طب، طبّیہ کالجز، ڈسٹری بیوٹر، ہربل لیکچرار، پروفیسرز اور طلباء وغیرہ، ان سب تک اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد کی دعوت پہنچائیں اور اپنے ساتھ انہیں شرکت کروائیں۔ ❁ ان کے گھروں میں محافلِ میلاد کروائیں، گھر پر لائٹنگ اور مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دِلائیں۔

(35)رابطہ برائے میڈیکل ڈیپارٹمنٹ

❁ اس شعبے کے ذمہ داران، ڈاکٹرز، میڈیکل کنسلٹنٹ، میڈیکل اسٹاف، اسی طرح پرائیویٹ کلینک، ہاسپٹلز، میڈیکل ریسرچ انسٹیٹیوٹ، پیرامیڈیکل کالجز، ڈسپنسریز، میڈیسن بنانے والی کمپنیاں، میڈیکل سٹورز، فارمیسیز اور لیبارٹریز وغیرہ کا عملہ اور میڈیکل اسٹوڈنٹس، ان سب تک اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد کی دعوت پہنچائیں اور انہیں شرکت کروائیں۔ ❁ بالخصوص بڑے اور مشہور ڈاکٹرز کے گھروں میں محافلِ میلاد کروائیں، نیز انہیں گھر پر لائٹنگ اور مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دِلائیں۔

(36) رابطہ برائے ایگریکلچر اینڈ لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ

❁ اس شعبے کے ذمہ داران، کاشت کار، زرعی ماہرین، محکمہ وائلڈ لائف، زرعی ادویات، بیج اور کھادوں کی کمپنیز، ڈیلرز، جانور پالنے اور ان کی فارمنگ سے منسلک افراد، ڈیری فارمنگ، مویشی منڈی، ویٹرنری ڈاکٹرز، ویٹرنری میڈیسن اسٹورز، فش فارمنگ، فشریز اور پولٹری فارمنگ سے وابستہ افراد کو اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ❁ ان کے گھروں پر محافلِ میلاد کروائیں، نیز انہیں گھر پر لائٹنگ اور مَدَنی پرچم لگانے کی بھی ترغیب دِلائیں۔

(37) رابطہ برائے ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ

❁ شعبے کے ذمہ داران، لاری اڈوں، ریلوے اسٹیشنز، بس ٹرمینل اور ٹرک اڈوں پر مَدَنی پرچم لگوائیں اور انہیں سجاوٹ کا بھی ذہن دیں۔ ❁ ٹرانسپورٹرز، گاڑی مالکان وغیرہ کو دعوتِ اسلامی کے اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت دیں ❁ گاڑی مالکان کے ذریعے اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کے لئے گاڑیاں اسپانسر کروائیں۔ ❁ بڑے روٹ

کی بسوں اور گاڑیوں میں ماہِ ربیع الاوّل کی مناسبت سے جشنِ ولادت کی نعتیں، بیانات، جشنِ ولادت سے متعلّق غلام رسول وغیرہ کارٹون کی ویڈیوز وغیرہ چلوائیں۔ ❁ بس ٹرمینل وٹرانسپورٹرز شخصیات کے گھروں پر محافلِ میلاد کروائیں۔

(38)شعبہ رابطہ برائے وکلاء

❁ اس شعبے کے اسلامی بھائی، وکلاء، ججز، قانونی ماہرین، بار کونسلز اور متعلّقہ اسٹاف تک اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد کی دعوت پہنچائیں بلکہ انہیں اپنے ساتھ شرکت کروائیں۔ ❁ ربیع الاوّل شریف میں کئی سرکاری اداروں میں سرکاری سطح پر لائٹنگ اور محفلِ میلاد وغیرہ کا اہتمام ہوتا ہے، لہٰذا بار کونسل اور دیگر سرکاری اداروں میں رابطہ کرکے وہاں لائٹنگ کروائیں اور محفلِ میلاد کا اِنعقاد بھی کریں۔ ❁ اہم شخصیات کے گھروں میں محافلِ میلاد کروائیں، نیز انہیں گھر پر لائٹنگ اور مَدَنی پرچم لگانے ترغیب دِلائیں۔

(39)شعبہ رابطہ برائے اوقاف

❁ اوقاف کے بڑے آفیسرز، متعلّقہ شخصیات تک اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد کی دعوت پہنچائیں اور انہیں شرکت بھی کروائیں۔ ❁ متعلّقہ شخصیات کے گھروں میں محافلِ میلاد کروائیں، نیز انہیں گھر پر لائٹنگ اور مَدَنی پرچم لگانے ترغیب دِلائیں۔

(40)شعبہ رابطہ بالعلماء

❁ عاشقانِ رسول علمائے کرام اور ان کے بیٹوں کو نیز اہلِ سنّت کے مدارس و جامعات میں جاکر اساتذہ اور طلبہ کو اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد کی دعوت دیں، انہیں شرکت

کروانے کے لیے گاڑیوں اور خیر خواہی کا بھی اِنتظام کریں۔ ❁ مشہور علمائے کرام کا اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت کا کلپ ریکارڈ کروائیں اور وائرل کریں۔ ❁ ان کے لیے اجتماع گاہ میں بیٹھنے کی مخصوص جگہ کا پیشگی انتظام کیا جائے اور ان کو Welcome کرنے کے لیے ذمہ داران موجود ہوں۔ ❁ اجتماعِ میلاد / جلوسِ میلاد میں شرکت کے تاثّرات بھی ریکارڈ کروائیں۔

(41) رابطہ برائے سوشل میڈیا ایکٹیویسٹ

❁ شعبے کے ذمہ داران، شعبے کی شخصیات، یوٹیوبرز، ٹک ٹاکرز اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز وغیرہ کو اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کی دعوت دیں، نیز ان سے دعوت ریکارڈ کروا کر ان کے پیجز سے چلوائیں اور تشہیر کروائیں۔ ❁ ان کے ذریعے گھروں کو پرچم اور لائٹنگ سے سجانے، گلیوں اور بازاروں کو سجانے کے حوالے سے کنٹینٹ بنا کر سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اپلوڈ کروائیں۔

(42) رابطہ برائے شوبز ڈیپارٹمنٹ

❁ شعبے کے ذمہ داران شوبز سے متعلّقہ لوگوں، فنکاروں، تھیٹر مالکان وغیرہ کو اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ❁ 12 مَدَنی مذاکروں کے دوران عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں شرکت کروانے کی کوشش کی جائے ❁ انہیں اپنے گھروں میں سجاوٹ اور لائٹنگ کرنے، اپنی گاڑی، دُکان و مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دلائیں۔ ❁ جو مشہور شخصیات ہوں، جن کے سوشل میڈیا پیجز اور زیادہ ویورشپ ہو، ان سے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کے بارے میں تاثرات اور ان میں شرکت کی دعوت کا کلپ ریکارڈ کروائیں اور ان کے

پیجز سے چلوانے کی کوشش کریں۔ ❁ ان کے گھروں پر محفلِ میلاد منعقد کروائیں۔

(43) رابطہ برائے اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ

❁ ربیع الاوّل شریف کی آمد سے پہلے ہی کھلاڑیوں، کوچز، اسپورٹس اکیڈمیز اور اسپورٹس کلب مالکان وغیرہ سے رابطے میں رہیں اور ان کے ہاں محفلِ میلاد النّبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا اِنعقاد کریں۔ ❁ اسپورٹس سے وابستہ افراد کو جشنِ ولادت کی خوشی میں اپنے گھروں میں سجاوٹ اور لائٹنگ کرنے، اپنی گاڑی، دُکان و مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دلائیں۔ ❁ اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں بلکہ جو مشہور کھلاڑی یا جن کی فین فالونگ زیادہ ہوں، ان سے اجتماعِ میلاد کی دعوت کا کلپ ریکارڈ کروائیں اور کوشش کرکے انہی کے پیج / چینل سے پوسٹ کروائیں۔ ❁ اجتماعِ میلاد میں ان کو اسپیشلی ٹریٹ کریں اور تاثّرات بھی ریکارڈ کروائیں۔

(44) شعبہ رابطہ برائے شخصیات

❁ پولیس آفیسرز، بیوروکریٹس، سیاست دان اور سرکاری اداروں سے وابستہ آفیسرز کو اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں، نیز ان کے لیے اجتماع گاہ میں بیٹھنے کی مخصوص جگہ کا پیشگی انتظام کیا جائے اور ان کو Welcome کرنے کے لیے ذمہ داران موجود ہوں۔ ❁ ان کے تاثرات ریکارڈ کروائیں ❁ سرکاری شخصیات سے مسلسل رابطے میں رہیں اور ان کے ذریعے ربیع الاوّل شریف میں ان سے متعلّقہ سرکاری اداروں میں لائٹنگ اور محافلِ میلادُ النّبی کا انتظام کروائیں۔ ❁ اہم شخصیات اور آفیسرز کے گھروں میں محافلِ میلاد کروائیں، نیز انہیں گھر پر لائٹنگ اور مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دِلائیں۔ ❁ حکومتی اِداروں سے NOC (تحریری اجازت نامہ) لے کر صرف 12 ربیع الاوّل کو جُلُوس میلاد کی

ترکیب کریں۔[1] ❁ اجتماعِ میلاد کی بروقت Permission (اجازت) لیں۔

(45) شعبہ رابطہ برائے خصوصی شخصیات

❁ شعبے سے متعلّقہ شخصیات کو اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ❁ ان کے تاثرات ریکارڈ کروائیں۔ ❁ سرکاری شخصیات سے مسلسل رابطے میں رہیں اور ان کے ذریعے ربیع الاوّل شریف میں ان سے متعلّقہ سرکاری ادارے میں لائٹنگ اور محافلِ میلاد النّبی کا انعقاد کروائیں۔ ❁ اہم شخصیات اور آفیسرز کا ذہن بنا کر ان کے گھروں پر بھی محافلِ میلاد کروائیں، نیز انہیں گھر پر لائٹنگ اور مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دِلائیں۔

(46) پروفیشنلز فورم

❁ ربیع الاوّل شریف کی آمد سے پہلے ہی پروفیشنلز سے رابطے میں رہیں اور ان سے متعلّقہ اداروں، آرگنائزیشنز، سافٹ ویئر ہاؤسز اور انجینئرنگ فَرمز وغیرہ مقامات پر محافلِ میلاد منعقد کروائیں اور جشنِ ولادت کا چرچا کریں۔ ❁ پروفیشنلز کو اپنے گھر، دفاتر اور آفسز میں جشنِ ولادت کی خوشی میں سجاوٹ اور لائٹنگ کرنے، نیز اپنی گاڑی، دُکان و مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دلائیں۔ ❁ اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں پروفیشنلز کی باقاعدہ شرکت ہو اور انہیں اسپیشلی ٹریٹ کیا جائے۔ ❁ اجتماعِ میلاد کے بارے میں ان کے تاثّرات بھی ریکارڈ کروائیں۔

(47) رابطہ برائے ہومیوپیتھک ڈیپارٹمنٹ

❁ ہومیوپیتھک ڈاکٹرز، اسٹاف، ہومیو کلینک، میڈیسن بنانے والی کمپنیز، ہومیو میڈیکل

---

1 ...مَدَنی مذاکرہ، 5 ربیع الاول 1441ھ بمطابق 2 نومبر 2019ء

سٹورز، فارمیسیز اور اسٹوڈنٹس وغیرہ، ان سب تک اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد کی دعوت پہنچائیں بلکہ انہیں اپنے ساتھ شرکت کروائیں۔ ❁ ان میں سے اہم شخصیات کے گھروں پر محافلِ میلاد کروائیں ❁ انہیں گھر پر لائٹنگ اور مَدَنی پرچم لگانے کی ترغیب دِلائیں۔

(48) شعبہ برائے ہائی ویز

❁ بالخصوص ہائی ویز کی مساجد، ہوٹلز، یا کسی قریبی مناسب جگہ مثلاً دفاتر وغیرہ میں محافلِ میلاد کا اہتمام کریں، ❁ ان مقامات پر مَدَنی پرچم لہرانے اور خوب چراغاں کرنے کی کوشش کریں، ❁ وہاں کے اسٹاف کو اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ❁ ہائی ویز کے نمایاں مقامات پر جشنِ ولادت کی مناسبت سے بڑے بینرز، پینافلیکسز آویزاں کیے جائیں۔ ❁ ممکنہ صورت میں انٹر چینج پر اِنٹر ہونے اور روانہ ہونے کے مقامات پر بڑی اسکرین پر جشنِ ولادت وجلوسِ میلاد کی دعوت کے تشہیری پروموچلائے جائیں۔

(49) فیضانِ مرشد ڈیپارٹمنٹ

❁ اس شعبے سے متعلّقہ افراد کو اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں ❁ فیضانِ مرشد کے رہائشی علاقوں اور اِداروں کی مساجد نیز رہائشی ہال یا کینٹین وغیرہ میں محافلِ میلاد کا اہتمام کریں۔ ❁ حسبِ موقع انہیں جشنِ ولادت کی خوشی میں مَدَنی پرچم لگانے، لائٹنگ اور سجاوٹ کرنے کا ذہن دیں۔

(50) FGRF (فیضان فلوبل ریلیف فاؤنڈیشن)

❁ FGRF کے تحت اب تک جن کی مدد کی گئی مثلاً کھانا دیا گیا، نقدی رقم دی گئی، گھر بنا

کر دیئے گئے، سیلاب کے دوران جنہیں راشن پانی وغیرہ کی سہولت دی گئی، ان گھروں میں محافلِ میلاد کا اہتمام کیا جائے۔ ❁ انہیں اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم لگانے اور لائٹنگ کرنے کا ذہن دیا جائے۔ ❁ شعبہ کے تحت جن افراد نے اپنا بلڈ ڈونیٹ کیا، ان سب کا ڈیٹا مدّ نظر رکھتے ہوئے وہاں کے ذمہ داران ان کو اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔

(51) شعبہ کفن دفن

❁ شعبہ کفن دفن کے تحت جن کے عزیزوں کو غسل دیا، جنازے پڑھائے اور تدفین میں شامل ہوئے، ذمہ داران، ان سے ملاقاتیں کریں اور ان کے گھروں میں مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لیے محافلِ میلاد منعقد کروائیں۔ ❁ شعبہ کے تحت جہاں کفن دفن سے متعلّقہ مختلف کورسز کروائے گئے ہوں، نیز مختلف علاقوں کے گورکن حضرات، ان سب کا ڈیٹا مد نظر رکھتے ہوئے جو جس ٹاؤن یا سَب ٹاؤن میں رہتے ہوں، وہاں کے ذمہ داران انہیں اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔

(52) شعبہ طبّی علاج

❁ شعبہ طبّی علاج کے اسلامی بھائی اپنے رابطے میں موجود سبھی عوام و خواص کو دعوتِ اسلامی کے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت پیش کریں۔ ❁ 12 ویں شب کے اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کو یقینی بنائیں۔ ❁ اپنے گھروں میں مدنی پرچم لگائیں اور سجاوٹ بھی کریں، نیز اپنے جاننے والوں کو اس کا ذہن دیں۔

(53) شعبہ روحانی علاج

❁ روحانی علاج کے بستوں پر آنے والوں اور واٹس ایپ گروپس کے ذریعے رابطے میں

رہنے والوں کو اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد کی دعوت دیں۔ ❁ بستوں پر اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کا بینر لگائیں۔ ❁ جن مریضوں کو تعویذ چاہئے یا جنہوں نے دم کروانا ہو، انہیں اجتماعِ میلاد میں بلا کر تعویذ، امیرِ اہلِ سنّت کا دم کیا ہوا پانی وغیرہ دیں تاکہ دیگر امراض سے شفایابی کے ساتھ "صبحِ بہاراں" کے صدقے گناہوں کے مرض سے بھی شفایابی ملے۔

(54) اسپیشل پرسنز ڈیپارٹمنٹ

❁ مختلف اسپیشل پرسنز کے گھروں میں محافلِ میلاد کا اِنعقاد کریں۔ ❁ انہیں گھروں پر پرچم سجانے اور چراغاں کرنے کی ترغیب دلائیں۔ ❁ اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں اسپیشل پرسنز کی شرکت کے لیے خصوصی کوشش کی جائے اور انہیں اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں لانے، لے جانے کا خاص انتظام کیا جائے۔

(55) شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں

❁ شعبہ کے تمام ذمہ داران، اسلامی بہنوں کے محارم (والد، بھائی، شوہر، بیٹوں) کو اپنے گھروں کو سجانے اور مَدَنی پرچم لہرانے کی ترغیب دلائیں۔ ❁ ان محارم کے ذریعے مختلف گھروں میں محافل کا اِنعقاد کروائیں۔ ❁ اسلامی بہنوں کے محارم (والد، بھائی، شوہر، بیٹوں) کو اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔

(56) شعبہ عُشر

❁ گاؤں کے بااثر زمیندار، وڈیرے وغیرہ کے گھروں پر محافلِ میلاد کروائیں ❁ ہر گاؤں سے گاڑی چلوائیں اور اسلامی بھائیوں کو اجتماعِ میلاد میں شرکت کروائیں۔ ❁ 12 ربیع الاوّل کو قریبی بڑے شہر میں دعوتِ اسلامی کے مرکزی جلوس میں ہر گاؤں سے بھرپور

شرکت کروائیں۔

(57)چرم قربانی

❁ جن اداروں کو کھالیں سیل کیں، ان کو اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت پیش کریں۔ ❁ ذمہ داران، 12ویں شب کے اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کو یقینی بنائیں۔ ❁ اپنے گھروں میں مدنی پرچم لگائیں اور سجاوٹ بھی کریں، نیز اپنے جاننے والوں کو اس کا ذہن دیں۔

(58)شعبہ اجتماعی قربانی

❁ جن افراد نے اجتماعی قربانی میں حصہ ملایا ہو، ❁ اجتماعی قربانی کے موقع پر جن قصّاب حضرات اور دیگر عملہ سے سروسز لی ہوں، ان سے رابطہ کرکے ان کے گھروں میں محافلِ میلاد کا اہتمام کیا جائے۔ ❁ گھروں کو سجانے اور مَدَنی پرچم لہرانے کی ترغیب دلائی جائے۔ ❁ اجتماعی قربانی میں شامل ہونے والے افراد اور عملہ جس علاقے سے ہوں، وہاں کے متعلّقہ ذمہ داران انہیں اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔

(59)گھریلو صدقہ بکس

❁ جن کے گھروں میں گھریلو صدقہ بکس رکھے ہوئے ہیں، ان کو اپنے گھر سجانے اور مَدَنی پرچم لہرانے کا ذہن دیا جائے نیز ان کے گھروں میں محافلِ میلاد کا سلسلہ کیا جائے۔ ❁ اجتماعِ میلاد میں اجتماع گاہ میں کسی نمایاں مقام پر اسٹال لگائیں۔ ❁ سب اسلامی بھائیوں کو اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم لگانے اور لائٹنگ کرنے نیز اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کا ذہن دیں۔

(60)شعبہ عطیات بکس

❁ جن دکانوں اور مقامات پر عطیات بکس موجود ہیں اور جن ڈونرز کو گھریلو صدقہ بکس دیئے گئے ہیں انہیں ربیع الاوّل کے 12 مَدَنی مذاکرے دیکھنے / سننے نیز دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے اجتماع میلاد اور جلوسِ میلاد کا وقت اور مقام بتا کر اس میں شرکت کی دعوت پیش کریں۔ ❁ مارکیٹ / دکانوں میں اجتماعِ میلاد کا اِنعقاد کیا جائے اور لائٹنگ کی جائے۔ ❁ کئی علاقوں میں میلاد کمیٹیاں بنی ہوتی ہیں، اس سلسلے میں اُن سے بھی مدد لی جا سکتی ہے۔ ❁ ڈونرز کو مارکیٹ، دکان اور گھر سجانے اور مکتبۃُ المدینہ سے شائع ہونے والے بینرز / فلیکس خرید کر آویزاں کرنے کی ترغیب دلائی جائے۔ ❁ اجتماع میلاد میں شعبہ عطیات بکس کے تحت گھریلو صدقہ بکس اور عطیات بکس کا کیمپ / اسٹال لگایا جائے

(61)ڈونیشن سیل ڈیپارٹمنٹ

❁ ڈونیشن سیل پر آنے والے ڈونر حضرات کو اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت دیں، نیز ربیع الاوّل کے 12 مَدَنی مذاکرے دیکھنے کا ذہن دیں اور حسبِ موقع انہیں گھر پر محفلِ میلاد اور چراغاں کرنے کی بھی ترغیب دلائیں۔ ❁ مکتبۃُ المدینہ سے جاری ہونے والا ”1500 واں جشنِ ولادت“ کا پینا فلیکس ڈونیشن سیل پر آویزاں کریں۔

(62)شعبہ تحفّظ اوراقِ مقدسہ

❁ جس دکان، کیبن، مارکیٹ، بازار یا مسجد کے پاس تحفظ اوراقِ مقدسہ کا باکس لگایا ہے، اس دکان، بازار یا مسجد وغیرہ میں محافلِ میلاد کا اہتمام کریں۔ ❁ وہاں کے قریبی افراد کو جشنِ ولادت کے چراغاں کا ذہن دیں۔ ❁ جن مارکیٹوں، اداروں میں باکس لگے ہوئے

ہیں اور جن افراد کو ان کا محافظ بنایا ہے، اُن سب کو اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں۔

(63) میڈیا ڈیپارٹمنٹ

❁ اسٹاف و ذمہ داران کے گھروں پر محافلِ میلاد منعقد کی جائیں۔ ❁ سب کو اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم لگانے اور لائٹنگ کرنے کا ذہن دیا جائے۔ ❁ ڈائریکٹر، پروڈیوسر، تمام ٹیکنیکل اور پروفیشنل اسٹاف اپنی فیلڈ کے متعلّقہ شخصیات تک ربیع الاوّل کا پیغام پہنچائیں، نیز انہیں اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت دیں۔ ❁ میڈیا ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے بالخصوص جشنِ ولادت کے آرٹیکلز کی ترکیب کریں۔

(64) شعبہ مَدَنی چینل عام کریں

❁ کیبل آپریٹرز، انٹرنیٹ آفسز اور موبائل مارکیٹس وغیرہ کے افراد کے گھروں پر محافلِ میلاد منعقد کی جائیں۔ ❁ ان کی دکانوں اور آفسز میں سجاوٹ، جھنڈے، لائٹنگ، پینا فلیکسز وغیرہ لگوائیں۔ ❁ انہیں گھروں میں مَدَنی پرچم لگانے اور لائٹنگ کرنے کا ذہن دیا جائے۔ ❁ مختلف شخصیات نیز عوامی سطح پر بھی مَدَنی چینل کے ذریعے ربیع الاوّل شریف کے فیضان کو خوب عام کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ افراد کے موبائلز میں مَدَنی چینل ایپ انسٹال کروائیں اور مَدَنی چینل دیکھنے کی ترغیب دِلائیں۔ ❁ مَدَنی چینل کا ڈیٹا عام کریں۔ ❁ تاجران اور دیگر شعبوں سے معاونت حاصل کرکے ربیع الاوّل کے کلام عام کریں۔

(65) آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ

❁ آئی ٹی کے ڈیویلپرز دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ نیز تمام ایپس میں ربیعُ الاوّل شریف

سے متعلّق اسپیشل بینرز، وال پیپرز، آڈیو / ویڈیو لنک، نیز اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کے خصوصی بینرز وغیرہ شامل کرکے جشنِ ولادت کے فیضان کو خوب عام کریں۔

❁ شعبے کے اسلامی بھائی وذمہ داران اپنے گھروں پر محافلِ میلاد منعقد کریں، نیز اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم اور لائٹنگ کریں۔ تمام اسلامی بھائی اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگائیں۔

(66)شعبہ فلکیات

❁ شعبہ فلکیات کے اسلامی بھائی وذمہ داران اپنے گھروں پر محافلِ میلاد منعقد کریں، نیز اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم اور لائٹنگ کریں۔ تمام اسلامی بھائی اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگائیں۔

(67)HRڈیپارٹمنٹ

❁ HRڈیپارٹمنٹ کے ذمہ داران، اسلامی بھائی اپنے رابطے میں موجود سبھی عوام وخواص کو دعوتِ اسلامی کے اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت پیش کریں۔

❁ سب اسلامی بھائیوں کو اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم لگانے اور لائٹنگ کرنے نیز اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کا ذہن دیں۔

(68)فنانس ڈیپارٹمنٹ

❁ مختلف ایونٹس پر اور ماہانہ / سالانہ عطیات دینے والوں سے رابطہ کرکے انہیں اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت پیش کریں۔

❁ ایونٹ کلوزنگ پر آمدن وخرچ کا مکمل ریکارڈ اپڈیٹ کریں۔

(69)پاکستان مشاورت آفس

❁ پاکستان مشاورت آفس کے ذمہ داران واسلامی بھائی اپنے رابطے میں موجود سبھی عوام وخواص کو دعوتِ اسلامی کے اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت پیش کریں۔ ❁ سب اسلامی بھائیوں کو اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم لگانے اور لائٹنگ کرنے نیز اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کا ذہن دیں۔

(70)پراپرٹی ڈیپارٹمنٹ

❁ شعبے کے ذمہ داران، اسلامی بھائی اپنے رابطے میں موجود سبھی عوام وخواص کو دعوتِ اسلامی کے اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد میں شرکت کی دعوت پیش کریں۔ ❁ سب اسلامی بھائیوں کو اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم لگانے اور لائٹنگ کرنے نیز اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کا ذہن دیں۔

(71)کنسٹرکشن ڈیپارٹمنٹ

❁ کنسٹرکشن ڈیپارٹمنٹ میں جتنے بھی انجینئر ہیں یا اس شعبے کے رابطے میں جتنے مزدور، مستری، ٹھیکیدار، ڈونرز یا اسپانسرز ہیں، انہیں ربیع الاوّل شریف کے مَدَنی مذاکروں، نیز اجتماعِ میلاد وجلوسِ میں شرکت کروائیں۔ ❁ کنسٹرکشن ڈیپارٹمنٹ کے اسلامی بھائی و ذمہ داران اپنے گھروں کو پرچم اور سجاوٹ سے آراستہ کریں، نیز گھروں، دفاتر وغیرہ میں محافلِ میلاد منعقد کریں۔

(72)نیو سوسائٹیز ڈیپارٹمنٹ

❁ ہر نئی سوسائٹی میں اسپیشل ہدف کے مطابق، رئیل اسٹیٹ ایجنسیز، ڈویلپرز، انویسٹرز،

کنٹریکٹرز وغیرہ کو ربیع الاوّل کے 12 مَدَنی مذاکروں، اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کروائیں اور اس کے لئے وہاں سے گاڑی چلوائیں۔ ❁ پورا ماہ مختلف سوسائٹیز میں محافلِ میلاد منعقد کی جائیں ❁ سوسائٹی میں مَدَنی پرچم، چراغاں اور سجاوٹ کا اہتمام کیا جائے، نیز ربیع الاوّل کے بینرز لگائے جائیں۔

(73) سیکیورٹی ڈیپارٹمنٹ

❁ ہر اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد کے بہترین حفاظتی اقدامات کریں ❁ سیکیورٹی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے بالخصوص منچ (Stage) اور بالعموم پورے اجتماع گاہ کی متعلّقہ اِدارے کے ذریعے مکمل سکیننگ کروائی جائے۔ ❁ منچ کو کم از کم 7 گھنٹے قبل مکمل طور پر پیک کر دیا جائے تاکہ حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جاسکے۔ ❁ متعلّقہ شعبہ جات کے افسران کو اجتماع و جلوسِ میلاد کا وزٹ کروائیں۔ (عند الضرورت شعبہ رابطہ برائے شخصیات کی معاونت لی جائے) ❁ ہر اجتماعِ میلاد میں اور جہاں جلوسِ میلاد اختتام ہو، وہاں پارکنگ کے بہترین انتظامات کریں۔ ❁ شعبے سے وابستہ اسلامی بھائیوں کے گھروں میں محافلِ میلاد کا اِنعقاد کریں، انہیں اپنے گھروں کو مَدَنی پرچموں اور لائٹنگ کے ذریعے سجانے کا ذہن دیں۔

(74) شعبہ مکتبۃُ المدینہ

❁ اجتماعِ میلاد اور محافلِ میلاد میں مکتبۃُ المدینہ کا اسٹال بھرپور تیاری کے ساتھ لگائیں، جس میں مکتبۃُ المدینہ کی کُتب و رسائل اور دیگر آئٹمز موجود ہوں۔ ❁ بالخصوص اجتماع میں جن کتب و رسائل کا اعلان ہونا ہو، اس کی پیشگی تیاری کریں۔ ❁ جہاں ممکن ہو، مکتبۃُ المدینہ کی موبائل وین کے ذریعے اسٹال لگایا جائے۔ ❁ مکتبۃُ المدینہ سے جاری ہونے والے بالخصوص ربیع الاوّل کے رسائل عام کریں جیسے رسالہ ”صبحِ بہاراں، عاشقِ میلاد

بادشاہ وغیرہ۔

(75)شعبہ تقسیم رسائل

❁ ربیع الاوّل شریف میں بالخصوص پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی سیرت، فضائل نیز رسالہ "صبحِ بہاراں" اور ربیع الاوّل شریف سے متعلّق رسائل تقسیم کروائیں۔ ❁ شعبے کے سب اسلامی بھائیوں کو اپنے گھروں میں مَدَنی پرچم لگانے اور لائٹنگ کرنے نیز اپنی گاڑی، دُکان اور مکان پر مَدَنی پرچم لگانے کا ذہن دیں۔

نوٹ:

❁ ہر نگرانِ مجلس اپنے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا اجتماعِ میلاد اور جلوسِ میلاد میں شرکت کا ہدف طے کریں اور اس کے مطابق کارکردگی لے کر پاکستان مشاورت آفس میں بروقت جمع کروائیں۔

دامت برکاتہم العالیہ

فرمانِ امیرِ اہلِ سنّت

جشنِ ولادت کا ہر کام اِس طرح کرنا ہے کہ کسی کو بھی تکلیف نہ ہو اور اس میں اللہ پاک اور اس کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی رضا مقصود ہو۔

(ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنّت، ربیع الاول میں جھنڈے لگانا کیسا؟ قسط: 81، ص 5)

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN: +92 21 111 25 26 92 | 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net